2025-02-26

Hrs 08.30

HL-Opening

آکاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(Music)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں اسلم بیگ

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آسام کی متحرک افرادی قوت اور تیز رفتار ترقی کی وجہ سے، اِس ریاست میں جو یکسر تبدیلی آ رہی ہے، اُس سے ملک سرمایہ کاری کا قائدانہ مرکز بنتا جا رہاہے۔

2- CAG رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دلی میں عام آدمی پارٹی کی، شراب سے متعلق پالیسی کی وجہ سے، سرکاری خزانے کو دو ہزار کروڑ سے زیادہ کا نقصان ہوا ہے۔

3- پریاگ راج میں مہا کمبھ میلہ 2025 آج مہاشیوراتری کے موقع پر اختتام پذیر ہوگا۔

4- CBSE نے دسویں کلاس کے بورڈ امتحانات ایک سال میں دو بار کرائے جانے کی تجویزرکھی ہے۔ اِس پالیسی کے مسودے پر رائے بھی طلب کی گئی ہے۔

5- امریکہ اور یوکرین نے، روس کی جنگ ختم کرنے سے متعلق بات چیت کے دوران،معدنیات کے ایک سمجھوتے کو قطعی شکل دی ہے۔

6- اور: مردوں کے ICC چیمپیز ٹرافی کرکٹ میں آج دوپہر لاہور میں انگلینڈ کا مقابلہ افغانستان سے ہوگا۔

(Music)

اب خبریں تفصیل سے۔

PM Assam Vist

وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آسام اب لا محدود امکانات کا مرکز اور جنوب مشرقی ایشیا، نیز بھارت کی ترقی کا راستہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ آسام، مشرقی بھارت کا مصنوعات سازی کا مرکز ہوگا۔ انہوں نے صنعتوں سے زور دیکر کہا کہ وہ ان جگہوں کی اہمیت سے فائدہ اٹھائیں۔

انہوں نے یہ بات کل گواہاٹی میں Advantage آسام دوئم، سرمایہ کاری اور بنیادی ڈھانچے سے متعلق سربراہ کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔

S/B - PM Ivestment Gwahati

وزیر اعظم نے بتایا کہ اُن کی حکومت Conectivity اور بنیاد ڈھانچے کو بہتر بنانے، نیز خطّے میں مقامی سپلائی چَین کو مستحکم بنانے پر کام کر رہی ہے۔×

Maha Kumbh

اب خبریں مہا کمبھ سے

Montage - Opening

پریاگ راج میں جاری مہا کمبھ میلہ 2025 آج مہا شیو راتری کے موقع پر اختتام پذیر ہو جائے گا۔ ملک بھر سے عقیدتمند سنگم اور دیگر گھاٹوں پر آج صبح سویرے سے ہی پوَتر ڈُبکی لگا رہے ہیں۔ مہا کمبھ میلے میں جو 13 جنوری کو شروع ہوا تھا، 6 ہفتوں کے دوران اب تک 64 کروڑ سے زیادہ عقیدتمند شامل ہو چکے ہیں، جس سے یہ دنیا میں انسانیت کا سب سے بڑا اجتماع بن گیا ہے۔ کل تقریباً ایک کروڑ 24 لاکھ عقیدتمندوں نے تریوینی سنگم پر پوَتر ڈُبکی لگائی۔ اس تقریب کو محفوظ اور یادگار بنانے کی خاطر حکام نے خصوصی انتظامات کیے ہیں۔ مہا کمبھ نگر اور مختلف گھاٹوں پر بڑھتی بھیڑ پر سکیورٹی اہلکاروں کی جانب سے قریبی نظر رکھی جا رہی ہے۔

شہر کے ریلوے اسٹیشنوں، سڑکوں اور داخلے کے مقامات پر مسلسل عقیدتمندوں کی بڑی تعداد موجود ہے۔

اب ہم پریاگ راج میں موجود اپنے نامہ نگار آدرش سے براہِ راست بات چیت کریں گے۔

1- سب سے پہلے ہم آپ سے یہ جاننا چاہیں گے کہ مہا کمبھ کے آخری دن عقیدتمندوں میں کیسا جوش ہے؟

Live - Abhishek

2- اب آپ یہ بتائیے کہ مہا شیو راتری کے پیش نظر انتظامیہ اور پولیس نے کیا بندوبست کیے ہیں؟

Live - Abhishek

Railway Mahashivratri

ریلوے کا محکمہ آج مہا شیو راتری کے موقع پر مہا کمبھ کے عقیدتمندوں کے لیے اترپردیش کے پریاگ راج سے ساڑھے تین سو سے زیادہ ریل گاڑیاں چلائے گا۔ ریلوے کی وزارت نے کہا ہے کہ مہا شیو راتری سنان کے بعد اضافی ریل گاڑیاں چلانے کے لیے خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ اُس نے کہا ہے کہ اترپردیش، بہار، مدھیہ پردیش، جھارکھنڈ، اور بنگال سمیت مختلف ریاستوں سے بڑی تعداد میں عقیدتمند پریاگ راج آئے ہیں۔ ریلوے کی مکمل کارروائی پر ریلوے کے وزیر اشونی ویشنو اور ریلوے بورڈ کے چیئرمین ستیش کمار قریبی نظر رکھے ہوئے ہیں۔×

Mahashivratri

آج ملک بھر میں مہا شیو راتری کا تہوار منایا جا رہا ہے۔

مہاراشٹر میں لوگ بھگوان شیو کی پوجا ارچنا کے لیے مندروں میں جمع ہو رہے ہیں۔ مندروں کو روشنیوں اور پھولوں سے سجایا گیا ہے۔ مہا شیو راتری کے موقع پر بھجن، مہا ابھیشیک اور پوجا ارچنا کا اہتمام کیا جا رہا ہے۔

سری لنکا میں بھی مہا شیو راتری کے موقع پر عقیدتمند شیو مندروں میں جمع ہو رہے ہیں، جس میں پنچ ایشوَرم مندر قابلِ ذکر ہیں۔ عقیدتمند سب کی خوشحالی اور اچھی صحت کے لیے دعا کر رہے ہیں۔×

UP Mahashivratri

اترپردیش میں، بھگوان شیوا کوجل ابھیشیک کے لیے صبح سے ہی عقیدتمند وارانسی میں کاشی وشوناتھ دھام سمیت ریاست کے شیو مندروں میں پہنچ رہے ہیں۔

مہاشیوراتری کے موقع پر کاشی میں خصوصی انتظامات کیے گئے ہیں۔ درشن اور پوجا ارچنا کے علاوہ 7 اکھاڑوں کا جلوس بھی نکالا جائے گا۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C OM Awasthi

شیوراتری کے موقع پر، شری وشوناتھ کے درشن اور جل ابھیشیک کے لئے، پوری دنیا سے عقیدتمند کاشی پہنچ رہے ہیں۔ کئی اکھاڑوں کے مہا منڈیلشور اور ناگا سادھو بھگوان شیو کو جل ابھیشک کر رہے ہیں۔ مہا شیوراتری کے موقع پر رات سوا دو بجے بھگوان شیو کے لیے منگل آرتی کی گئی اور رات ساڑھے تین بجے سے مندر کو عقیدتمندوں کے لیے کھول دیا گیا۔

ناگا سادھو مہامنڈیلشور کیلاسانند گیری کی قیادت میں صبح چھ بجے سے بھگوان شیو کے درشن کے لیے پہنچ رہے ہیں۔ ناگاسادھوؤں کو گیٹ نمبر چار سے اندر جانے دیا جا رہا ہے جبکہ عام عقیدتمندوں کے دیگر دروازوں سے داخل ہونے کا سلسلہ بھی جاری ہے۔

مہاکمبھ کے سبب، مہاشیوراتری کے موقع پر، اِس مرتبہ 12 سے 15 لاکھ عقیدتمندوں کے کاشی پہنچنے کا امکان ہے۔

مندر انتظامیہ نے عقیدتمندوں کے بہتر طریقے سے درشن کے لیے کچھ ہدایات جاری کی ہیں۔ سیکیورٹی کے بھی پختہ انتظامات کیے گئے ہیں۔ شری کاشی وشوناتھ دھام کے علاقے کوچھ حصوں اور 18 سیکٹروں میں تقسیم کیا گیا ہے۔

بڑی تعداد میں عقیدتمندوں کے وارانسی پہنچنے کے تناظر میں مہا شیوراتری کے اگلے دن روایتی مہاشیو بارات نکالنے کا فیصلہ کیا گیا ہے۔

لکھنؤ سے اوم اوستھی کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں..................

BREAK

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

GONG

CAG

بھارت کے کمپٹرولر اور آڈیٹر جنرل CAG کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دلی میں عام آدمی پارٹی سرکار کی، شراب سے متعلق پالیسی کی وجہ سے، سرکاری خزانے کو دو ہزار کروڑ روپے سے زیادہ کا نقصان ہوا ہے۔

رپورٹ کے مطابق آڈٹ کے دوران عام آدمی پارٹی سرکار کی ایکسائز پالیسی میں بہت سی خامیاں پائی گئیں۔

یہ رپورٹ ریکھا گپتا کی قیادت والی BJP حکومت کی طرف سے کَل دلی حکومت میں پیش کی گئی۔x

CBSE Draft

سینٹرل بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن CBSE نے پالیسی کے ایک مسودے پر رائے طلب کی ہے۔ یہ مسودہ تعلیمی سال 2025-26 سے، 10ویں جماعت کے بورڈ امتحانات، دو مرحلوں میں کرانے سے متعلق ہے۔

پالیسی کے مسودے میں CBSE نے 10 ویں جماعت کے بورڈ امتحانات دو مرحلوں میں کرائے جانے کی تجویز رکھی ہے۔ پہلے مرحلے میں یہ امتحانات فروری سے مارچ کے درمیان اور دوسرے مرحلے میں یہ امتحانات مئی میں کرائے جائیں گے۔

CBSE نے متعلقہ فریقوں سے زور دے کر کہا ہے کہ وہ اپنی رائے اگلے مہینے کی 9 تاریخ تک داخل کردیں۔x

President MP Visit

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج مدھیہ پردیش کے چھترپور ضلعے کے باگیشوَر دھام میں، بڑے پیمانے پر شادی کی ایک تقریب میں شرکت کریں گی۔ گورنر منگو بھائی پٹیل، وزیر اعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو، کرکٹ کے کئی کھلاڑی، فنکار اور دیگر شخصیات بھی اِس موقع پر موجود رہیں گی۔

مزید تفصیل ہمارے نامہ نگار سے

V/C - Sanjeev Sharma

چھترپور ضلع ہیڈکوارٹر سے تقریباً 23کلو میٹر دور، Garha گاؤں میں شری باگیشوَر جَن سیوا سمیتی کی جانب سے شادی کی اِس بڑی تقریب کا انعقاد کیا گیا ہے۔ صدر جمہوریہ نئے شادی شدہ جوڑوں کو اپنا آشیورواد دیں گی۔ 251 لڑکیوں میں سے تقریباً 225 لڑکیاں قبائلی برادری، دَلت اور دیگر پسماندہ طبقات سے تعلق رکھتی ہیں۔ صدر جمہوریہ کا دورہ نہ صرف مذہبی اور سماجی اہمیت کا حامل ہے بلکہ اِس سے بُندیل کھنڈ خطّے کی ترقی کو فروغ حاصل ہوگا۔ اِس سے قبل 23 فروری کو وزیر اعظم نریندر مودی نے باگیشوَر دھام میں کینسر اسپتال کا سنگِ بنیاد بھی رکھا تھا۔

بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں ............

## Kisan Credit Card

کسان کریڈٹ کارڈ کے تحت کُل 10 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ کے قرض فراہم کیے گئے ہیں، جس سے 7 کروڑ 72 لاکھ کسانوں کو فائدہ ہوا ہے۔ کسان کریڈٹ کارڈ، کسانوں کو بیج، کھاد اور کیڑے مار دواؤں جیسی کھیتی باڑی کی اشیاء خریدنے کی خاطر بروقت اور کفایتی قرض کی سہولت فراہم کرتا ہے۔ مرکزی وزارتِ خزانہ نے کہا ہے کہ حکومت، KCC کے ذریعے سالانہ 7 فیصد شرح سود کی رعایتی شرح پر 3 لاکھ روپے تک کے قلیل مدّتی زرعی قرض فراہم کرنے کے لیے بینکوں کو سود میں ڈیڑھ فیصد کی رعایت دیتی ہے۔ اُس نے مزید کہا ہے کہ کسان کریڈٹ کارڈ کے کھاتوں کی رقم 2014 میں 4 اعشاریہ دو چھ لاکھ کروڑ روپے سے دوگنی سے بھی زیادہ ہو کر 2024 میں 10 لاکھ کروڑ روپے سے زیادہ ہو گئی ہے۔×

## Piyush Goyal Mumbai

کامرس اور صنعت کے مرکزی پیوش گوئل نے کہا ہے کہ مہاراشٹر کے پال گھر ضلعے میں وادھوَن بندرگاہ دنیا کی اعلیٰ ترین 10 بندرگاہوں میں سے ایک ہوگی۔ ممبئی میں ایک کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے جناب گوئل نے کہا کہ حکومت نے گزشتہ 10 برس میں بھارت کی، بندرگاہی صلاحیت کو دوگنا کیا ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ عالمی سطح پر تجارت کی خراب صورتحال کے درمیان بھارت امید کی ایک کِرن ہے اور انہوں نے امید ظاہر کی کہ ملک ترقی کرنا اور دنیا کی فلاح و بہبود کی خاطر اشتراک کرنا جاری رکھے گا۔×

## EPFO Members

ملازمین کے پرویڈنٹ فنڈ سے متعلق تنظیم EPFO میں گزشتہ برس دسمبر کے دوران 16 لاکھ سے زیادہ ارکان شامل ہوئے ہیں۔ اِس سے نومبر 2024 میں شامل کیے گئے ارکان کے مقابلے 9 اعشاریہ چھ نو فیصد اضافے کا اظہار ہوتا ہے۔ محنت اور روزگار کی وزارت کے مطابق 18 سے 25 سال کی عمر کے 4 لاکھ 85 ہزار نئے افراد کو شامل کیا گیا ہے۔×

## HM Seed Review Meeting

داخلی امور اور امدادِ باہمی کے مرکزی وزیر امت شاہ نے کَل نئی دلی میں ایک جائزہ میٹنگ کی صدارت کی۔ یہ میٹنگ "بھارتیہ بیج سہکاری سمتی لمیٹڈ BBSSL کے روایتی اور میٹھے بیجوں کے بارے میں تھی۔

میٹنگ میں جناب شاہ نے کہا کہ BBSSL، روایتی بیجوں کے تحفظ اور فروغ کے لیے کوششیں جاری رکھے ہوئے ہے۔ انھوں نے ملک کے مختلف خطوں کے کچھ منتخبہ روایتی بیجوں کی آرگینک پیداوار اور خریف کے 2025 کے موسم سے، مارکیٹ میں اِن کی بڑے پیمانے پر دستیابی کو یقینی بنانے کی ہدایت بھی دی۔

میٹنگ میں جناب شاہ نے پورے ملک میں پھلوں، سبزیوں اور اناج کے سبھی روایتی بیجوں سے متعلق ایک جامع ڈیٹا بیس تیار کرنے پر بھی زور دیا۔

انھوں نے اِن بیجوں کے تحفظ اور فروغ کے لیے ایک ٹھوس طریقہئ کار پر عمل درآمد کے لیے بھی کہا۔x

US Ukraine Deal

یوکرین اور امریکہ نے ایک وسیع اقتصادی معاہدے سے متعلق فریم ورک سے اتفاق کیا ہے۔ اِس میں زمین سے، نایاب قسم کی معدنیات نکالا جانا بھی شامل ہے۔

یوکرین کے افسران نے، شناخت ظاہر نہ کیے جانے کی شرط پر بتایا کہ یوکرین کو امید ہے کہ اِس معاہدے سے، امریکہ کی طرف سے لگاتار فوجی مدد جاری رکھنے کو یقینی بنانے میں مدد ملے گی، جس کی یوکرین کو فوری ضرورت ہے۔

اِس سلسلے میں امریکہ کے صدر ڈونلڈ ٹرمپ کی انتظامیہ کی طرف سے کوئی فوری جواب نہیں ملا ہے۔

البتہ جناب ٹرمپ نے نامہ نگاروں کو بتایا کہ یوکرین کے صدر وولودمیر زیلینسکی، ایک وسیع سمجھوتے پر دستخط کرنے کے لیے جمعے کو واشنگٹن جائیں گے۔

صدر ٹرمپ، ملک کے لیے ماضی کی فوجی اور دیگر قسم کی امداد کے بدلے، یوکرین کے معدنیاتی وسائل تک رسائی پر زور دیتا رہا ہے۔

البتہ زیلینسکی نے دلیل دی ہے کہ امریکہ کی طرف سے فراہم کی گئی یہ مدد، اعلان کردہ مقدار سے کافی کم ہے۔ انھوں نے یہاں تک کہہ دیا ہے، کہ وہ اپنے ملک کو فروخت نہیں کر سکتے۔

اِس سے پہلے روس کے صدر ولادی میر پتن نے کہا تھا کہ ان کا ملک، نایاب قسم کی معدنیات تک، امریکہ کو رسائی فراہم کرنے کی پیشکش کو تیار ہے، جِس میں یوکرین کے روس کے زیرِ قبضہ علاقے بھی شامل ہیں۔x

Israel Hamas

اسرائیل اور حماس نے سینکڑوں فلسطینیوں کی رہائی کے بدلے، یرغمالوں کی لاشیں جاری کرنے سے متعلق ایک نیا معاہدہ کیا ہے۔

فلسطین نے دہشت گرد گروپ حماس نے کَل دیر گئے اعلان کیا ہے کہ ایک سرکردہ عہدیدار خلیل ال حیّا کی قیادت میں ایک وفد کے، قاہرہ کے دورے میں، اِس سلسلے میں ایک قرارداد منظور کی گئی ہے۔ اِس قرارداد سے، جنگ بندی معاہدے کے تحت مزید چار یرغمالوں کی لاشیں واپس کرنے اور مزید سینکڑوں قیدیوں کی رہائی کا راستہ ہموار ہو گیا ہے۔x

Cricket ICC

مردوں کی ICC چیمپئنس ٹرافی کرکٹ میں، آج پاکستان کے لاہور کے قزافی اسٹیڈیم میں انگلینڈ اور افغانستان کے درمیان گروپ بی کا ایک اہم مقابلہ ہوگا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق دوپہر ڈھائی بجے سے کھیلا جائے گا۔ یہ میچ دونوں ہی ٹیموں کے لیے انتہائی اہم ہے، کیونکہ ہارنے والی ٹیم ٹورنامنٹ سے باہر ہو جائے گی۔ انگلینڈ اور افغانستان دونوں ہی اپنے پہلے میچ ہار چکے

ہیں۔ انگلینڈ کو آسٹریلیا نے 5 وکٹ سے جبکہ افغانستان کو جنوبی افریقہ نے 107 رن سے ہرایا تھا۔

کل رات راوَل پنڈی میں آسٹریلیا اور جنوبی افریقہ کے درمیان ہونے والا میچ مسلسل بارش کے سبب منسوخ کر دیا گیا تھا۔ اِس کے بعد دونوں ہی ٹیموں کو ایک-ایک پوائنٹ دیا گیا۔×

Sports Round Upِ

ہاکی میں، بھوبنیشور میں جاری FIH ہاکی پرو لیگ میں بھارتی مردوں اور خواتین کی ٹیموں نے شاندار کارکردگی کا مظاہرہ کیا۔ مردوں کی ٹیم نے کلنگا اسٹیڈیم میں، انگلینڈ کو دو-ایک سے ہرایا، جبکہ خواتین ٹیم نے ایک سنسنی خیز شُوٹ آؤٹ میں اولمپک چیمپئن نیدرلینڈ کو شکست دی۔

اُدھر ٹینس میں، بھارتی کھلاڑی Yuki Bhambri اور آسٹریلیا کے کھلاڑی Alexei Popyrin کی جوڑی کل شام دبئی اوپن میں، مردوں کے ڈبلز کے کوارٹر فائنل میں پہنچ گئی ہے۔ بھارت-آسٹریلیائی اِس جوڑی نے EL-Silvador کے Marcelo Arevalo اور کروشیا کے Mate Pavic کی اعلیٰ سِیڈ کی جوڑی کو ہرایا۔×

IMD Weather

بھارتی موسمیات محکمے IMDنے آج کونکن اور گوا، ساحلی کرناٹک، شمالی کیرالہ اور ماہے کے کچھ حصوں میں گرمی کی پیشگوئی کی ہے۔ موسمیات کے محکمے نے آج جموں و کشمیر، لداخ، گلگت، بلتستان، مظفرآباد اور ہماچل پردیش میں شدید سے بہت شدید بارش یا برفباری کی بھی پیشگوئی کی ہے۔ IMD نے مطلع کیا ہے کہ اتراکھنڈ، پنجاب، ہریانہ، چنڈی گڑھ، دلّی اور انڈومان اور نکّوبار جزائر میں آج گرج چمک کے ساتھ چھینٹے پڑنے کا امکان ہے۔×

VP Visit

نائب صدر جمہوریہ جگدیپ دھنکھڑ آج اروناچل پردیش کا دورہ کریں گے۔ جناب دھنکھڑ Kamle ضلعے میں اب تک کی پہلی Nyokum Yullo مشترکہ تقریبات میں مہمانِ خصوصی کی حیثیت سے شرکت کریں گے۔ پارلیمانی امور اور اقلیتوں کے امور کے مرکزی وزیر کِرن رجیجو بھی تقریبات میں شامل ہوں گے۔

کرہئ ارض پر سبھی کے لیے خوشحالی اور بہتر پیداواریت کی خاطر Nyishi قبائلی برادری کی جانب سے Nyokum منایا جاتا ہے۔ ×

Amit Shah-TN Visit

مرکزی وزیر داخلہ امت شاہ کل رات تمل ناڈو کے کوئمبٹور پہنچے۔ مرکزی وزیر مملکت ڈاکٹر ایل مروگن اور ریاست کے BJP کے دیگر رہنماؤں نے اُن کا خیر مقدم کیا۔ جناب شاہ آج کوئمبٹور میں

BJP دفتر کا افتتاح کریں گے۔ وہ آج رات کوئمبٹور کے نزدیک ISHA سینٹر میں مہا شیو راتری کی تقریبات میں بھی شرکت کریں گے۔×

.JPC-1 Nationa 1 Elec

ایک ملک ایک چناؤ سے متعلق پارلیمنٹ کی مشترکہ کمیٹی کی کل پارلیمنٹ ہاؤس میں ایک میٹنگ ہوئی۔ میٹنگ کے دوران کمیٹی نے قانونی ماہرین کے ساتھ تبادلہئ خیال کیا۔ 29 رکنی کمیٹی نے 27 ممبر لوک سبھا سے اور 12 ممبر راجیہ سبھا سے ہیں۔×

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTSؒ

اب اخبارات کے آئینے کے ساتھ ہیں: ......مجیب

شکریہ - شبانہ

راجدھانی دلّی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اخبارات نے گوہاٹی میں آسام حکومت کی طرف سے منعقدہ گلوبل انویسٹمینٹ سمٹ ایڈوانٹیج کی افتتاحی تقریب سے وزیراعظم نریندر مودی کے خطاب کی خبر کو شہ سرخی بنایا ہے۔ اس موقع پر جناب مودی نے کہا کہ دنیا کو بھارت کی تیز رفتار اقتصادی ترقی پر بھروسہ ہے۔

روزنامہ انقلاب اور ہندوستان ایکسپریس نے بہار کے پی ایم سی ایچ کی صد سالہ تقریب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو کی شرکت کی خبر کو خصوصی طور پر شائع کیا ہے۔ اپنے خطاب میں محترمہ مرمو نے تمام ڈاکٹروں کو بے لوث خدمت کے جذبے، عزم مصمم اور لگن کے ساتھ پی ایم سی ایچ کو نئی بلندیوں پر لے جانے کی تلقین کی۔

غیر روایتی چیلنجوں سے مقابلہ کرنے کے لیے کوسٹ گارڈ تیار، وزیر دفاع راجناتھ سنگھ نے دلی میں کوسٹ گارڈ انویسٹچر تقریب سے خطاب کرتے ہوئے یہ بات کہی اس خبر پر آج کے کئی اخبارات نے توجہ مرکوز کی ہے۔

1984 کے سکھ مخالف فسادات میں، کانگریس کے سابق MP سجن کمار کو ایک اور معاملے میں عمر قید کی سزا دیے جانے سے متعلق خبر کو بھی اخبارات نے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔ دلی کی راؤز ایونیو کورٹ کی خصوصی جج کاویری باویجا نے یہ فیصلہ سنایا۔

روزنامہ پرتاپ نے دلی اسمبلی میں لیفٹننٹ گورنر وی کے سکسینہ کے خطاب کی خبر کو جلی سرخی کے ساتھ شائع کیا ہے۔ اس موقع پر جناب سکسینہ نے کہا کہ حکومت شفاف جوابدہ اور اچھی حکمرانی کے لیے پُرعزم ہے۔

جبکہ روزنامہ راشٹریہ سہارا نے ملک میں پہلا ہائپر لوپ ٹسٹ ٹریک تیار ہونے کی خبر کو اجاگر کیا ہے جس کی مدد سے گیارہ سو کلومیٹر فی گھنٹہ کی رفتار سے ٹرین دوڑے گی۔

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1- وزیر اعظم نریندر مودی نے کہا ہے کہ آسام کی متحرک افرادی قوت اور تیز رفتار ترقی کی وجہ سے، اِس ریاست میں جو یکسر تبدیلی آ رہی ہے، اُس سے ملک سرمایہ کاری کا قائدانہ مرکز بنتا جا رہاہے۔

2- CAG رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ دلی میں عام آدمی پارٹی کی، شراب سے متعلق پالیسی کی وجہ سے، سرکاری خزانے کو دو ہزار کروڑ سے زیادہ کا نقصان ہوا ہے۔

3- پریاگ راج میں مہا کمبھ میلہ 2025 آج مہاشیوراتری کے موقع پر اختتام پذیر ہوگا۔

4- CBSE نے دسویں کلاس کے بورڈ امتحانات ایک سال میں دو بار کرائے جانے کی تجویزرکھی ہے۔ اِس پالیسی کے مسودے پر رائے بھی طلب کی گئی ہے۔

5- امریکہ اور یوکرین نے، روس کی جنگ ختم کرنے سے متعلق بات چیت کے دوران،معدنیات کے ایک سمجھوتے کو قطعی شکل دی ہے۔

6- اور

مردوں کے ICC چیمپیز ٹرافی کرکٹ میں آج دوپہر لاہور میں انگلینڈ کا مقابلہ افغانستان سے ہوگا۔

اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔